شعبۂ اردو

ہندو کالج، مرادآباد

منسلکہ

ایم۔ جی۔ پی۔ روہیل کھنڈ یونیورسٹی، بریلی

مجوزہ تفصیلی سبقی پلان (اردو) برائے بی۔ اے

2020-21

از

ڈاکٹر اکرم پرویز

(صدر شعبۂ اردو)

## کلاس: بی۔اے۔سال اول (پرچہ اول)
## (اردو افسانہ اور منتخبہ ناولوں کے اقتباسات)

**محتویاتِ کلاس:** یہ کلاس پورے اکیڈمک سال پر محتوی ہوگی۔ بنیادی طور پر اس میں ناول کے اقتباسات پڑھائے جائیں گے۔ یہ اقتباسات نذیر احمد کے ناولوں جن میں 'توبتہ النصوح' اور 'ابن الوقت' شامل ہیں سے مستعار ہوں گے۔ اس کے علاوہ اس میں سات افسانے بھی شامل ہوں گے۔ افسانے کے مصنفین کے سوانحی کوائف کے ساتھ ساتھ ان کے فکروفن پر مکالمہ قائم کیا جائے گا۔ طلبہ وطالبات افسانے کی قرأت کلاس روم میں کریں گے اور وہیں پر قرأت کیے گئے افسانے کی تشریح وتعبیر پیش کی جائے گی۔ طلبہ وطالبات کے ذریعے پوچھے گئے سوالات کے تسلی بخش جوابات فراہم کرنے کی سعی کی جائے گی۔

**تفویض کردہ استاد:** ڈاکٹر اکرم پرویز (اسسٹنٹ پروفیسر، صدر شعبۂ اردو)

**مقاصد و تحصیل:** بیانیہ کی روایت سے آگاہی۔ کہانی اور نفسیات کے تفاعل کی تفہیم۔ معاشرے اور انسان کے تعامل کی سمجھ۔ منطقی اور استدلالی اندازِ نظر کی ترویج۔

**منہاجیات:** پی۔پی۔ٹی۔کی پیش کش۔ گروپ ڈسکشن۔ روایتی آلات کا استعمال۔ ایسے تصویری بیانیہ کی پیش کش جو براہ راست موضوع سے متعلق ہوں۔

**طلبہ وطالبات کی تحصیل کا جائزہ:** سالانہ امتحانات کے توسط سے۔

## کلاس: بی۔اے۔سال اول (پرچہ دوم)
## (اردو نظم)

**محتویاتِ کلاس:** یہ کلاس پورے اکیڈمک سال پر محتوی ہوگی۔ بنیادی طور پر اس میں اردو کی مشہور و معروف نظموں کا مطالعہ مقصود ہوگا۔ مشمولہ نظموں کے مصنفین کے سوانحی کوائف کے ساتھ ساتھ ان کے فکروفن پر مکالمہ قائم کیا جائے گا۔ طلبہ و طالبات نظموں کی قرأت کلاس روم میں کریں گے اور وہیں پر قرأت کی گئی نظموں کی تشریح و تعبیر پیش کی جائے گی۔ طلبہ و طالبات کے ذریعے پوچھے گئے سوالات کے تسلی بخش جوابات فراہم کرنے کی سعی کی جائے گی۔

**تفویض کردہ استاد:** ڈاکٹر امام الدین خان (اسسٹنٹ پروفیسر)

**مقاصد و تحصیل:** نظمیہ روایت سے آگاہی۔ تحلیلی نقطۂ نظر کی پرورش۔ شعور و منطق اور استدلالی انداز نظر کی ترویج۔

**منہاجیات:** پی۔پی۔ٹی۔ کی پیش کش۔ گروپ ڈسکشن۔ روایتی آلات کا استعمال۔ ایسے تصویری بیانیہ کی پیش کش جو براہ راست موضوع سے متعلق ہوں۔

**طلبہ و طالبات کی تحصیل کا جائزہ:** سالانہ امتحانات کے توسط سے۔

## کلاس: بی۔اے۔سال دوم (پرچہ اول)
## (غیر افسانوی نثر)

**محتویاتِ کلاس:** یہ کلاس پورے اکیڈمک سال پر محتوی ہوگی۔بنیادی طور پر اس میں غیر افسانوی نثر کے اقتباسات پڑھائے جائیں گے۔یہ اقتباسات اردو کی مشہور کتابوں سے ماخوذ و مستعار ہوں گے۔مشمولہ مصنفین کے سوانحی کوائف کے ساتھ ساتھ ان کے فکر وفن پر مکالمہ قائم کیا جائے گا۔طلبہ وطالبات غیر افسانوی نثر کی قرأت کلاس روم میں کریں گے اور وہیں پر قرأت کی گئی غیر افسانوی نثر کی تشریح وتعبیر پیش کی جائے گی۔طلبہ وطالبات کے ذریعے پوچھے گئے سوالات کے تسلی بخش جوابات فراہم کرنے کی سعی کی جائے گی۔

**تفویض کردہ استاد:** ڈاکٹر امام الدین خان (اسسٹنٹ پروفیسر)

**مقاصدو تحصیل:** اردو کی غیر افسانوی روایت سے آگاہی۔کلاسیکی نثر کی افہام وتفہیم۔تاریخی شعور اور نثر کے تعامل کی سمجھ۔منطقی اور استدلالی انداز نظر کی ترویج۔

**منہاجیات:** پی۔پی۔ٹی۔کی پیش کش۔گروپ ڈسکشن۔روایتی آلات کا استعمال۔ایسے تصویری بیانیہ کی پیش کش جو براہ راست موضوع سے متعلق ہوں۔

**طلبہ وطالبات کی تحصیل کا جائزہ:** سالانہ امتحانات کے توسط سے۔

## کلاس: بی۔اے۔سال دوم (پرچہ دوم)
## (اردو غزل)

**محتویاتِ کلاس:** یہ کلاس پورے اکیڈمک سال پر محتوی ہوگی۔ بنیادی طور پر اس میں منتخبہ غزلیات کا مطالعہ مقصود ہوگا۔ یہ غزلیات اردو کے کلاسیکی اور جدید شعرا کی تخلیق کردہ ہوں گی۔ شعرا کے سوانحی کوائف کے ساتھ ساتھ ان کے فکروفن پر مکالمہ قائم کیا جائے گا۔ طلبہ و طالبات غزلیات کی قرأت کلاس روم میں کریں گے اور وہیں پر قرأت کی گئی غزلیات کی تشریح وتعبیر پیش کی جائے گی۔ طلبہ و طالبات کے ذریعے پوچھے گئے سوالات کے تسلی بخش جوابات فراہم کرنے کی سعی کی جائے گی۔

**تفویض کردہ استاد:** ڈاکٹر اکرم پرویز (اسسٹنٹ پروفیسر، صدر شعبۂ اردو)

**مقاصد و تحصیل:** غزلیہ روایت سے آگاہی۔ غزل کی شعریات کی تفہیم۔ معاشرے، انسان اور ادب کے تعامل کی سمجھ۔ منطقی اور استدلالی انداز نظر کی ترویج۔ حساس اور دردمند احتساسات کے توسط سے ذمہ دار شہری کی تشکیل کی سعی۔

**منہاجیات:** پی۔پی۔ٹی۔ کی پیش کش۔ گروپ ڈسکشن۔ روایتی آلات کا استعمال۔ ایسے تصویری بیانیہ کی پیش کش جو براہ راست موضوع سے متعلق ہوں۔

**طلبہ وطالبات کی تحصیل کا جائزہ:** سالانہ امتحانات کے توسط سے۔

## کلاس: بی۔اے۔سال سوم (پرچہ اول)
## (تاریخ ادب اردو)

**محتویاتِ کلاس:** یہ کلاس پورے اکیڈمک سال پر محتوی ہوگی۔ بنیادی طور پر اس میں تاریخ ادب اردو سے طلبہ و طالبات کو روبہ رو کرایا جائے گا۔ اردو کے آغاز سے لے کر آ ض تک کے سفر پر بحث ومباحثہ قائم کیا جائے گا۔ اردو کی اہم تحریکات کا مطالعہ کیا جائے گا۔ تحریکات سے متعلق اہم مصنفین کے سوانحی کوائف کے ساتھ ساتھ ان کے فکروفن پر مکالمہ قائم کیا جائے گا۔ طلبہ و طالبات کے ذریعے پوچھے گئے سوالات کے تسلی بخش جوابات فراہم کرنے کی سعی کی جائے گی۔

**تفویض کردہ استاد:** ڈاکٹر اکرم پرویز (اسسٹنٹ پروفیسر، صدر شعبۂ اردو)

**مقاصد وتحصیل:** اردو زبان و ادب کی روایت سے آ گاہی۔ زبان اور معاشرے کے درمیان کے تفاعل پر مکالمہ۔ معاشرے اور انسان کے تعامل کی سمجھ۔ منطقی اور استدلالی انداز نظر کی ترویج۔

**منہاجیات:** پی۔پی۔ٹی۔کی پیش کش۔ گروپ ڈسکشن۔ روایتی آلات کا استعمال۔ ایسے تصویری بیانیہ کی پیش کش جو براہ راست موضوع سے متعلق ہوں۔

**طلبہ وطالبات کی تحصیل کا جائزہ:** سالانہ امتحانات کے توسط سے۔

## کلاس: بی۔اے۔سال سوم (پرچہ دوم)
## (قصیدہ، مثنوی، مرثیہ، رباعی [ہفتے میں تین روز])

**محتویاتِ کلاس:** یہ کلاس پورے اکیڈمک سال پر محتوی ہوگی۔ بنیادی طور پر اس میں کلاسیکی شعری اصناف کے اقتباسات پڑھائے جائیں گے۔ یہ اقتباسات قصیدہ، مرثیہ، مثنوی اور رباعی سے مستعار ہوں گے۔ مشمولہ مصنفین کے سوانحی کوائف کے ساتھ ساتھ ان کے فکروفن پر مکالمہ قائم کیا جائے گا۔ طلبہ و طالبات کلاسیکی اصناف نظم کی قرأت کلاس روم میں کریں گے اور وہیں پر ان کی تشریح و تعبیر پیش کی جائے گی۔ طلبہ و طالبات کے ذریعے پوچھے گئے سوالات کے تسلی بخش جوابات فراہم کرنے کی سعی کی جائے گی۔

**تفویض کردہ استاد:** ڈاکٹر امام الدین خان (اسسٹنٹ پروفیسر)

**مقاصدو تحصیل:** نظمیہ بیانیہ کی روایت سے آگاہی۔ کلاسیک سے جدید انسان کا رشتہ۔ معاشرے اور انسان کے تعامل کی سمجھ۔ منطقی اور استدلالی انداز نظر کی ترویج۔

**منہاجیات:** پی۔پی۔ٹی۔ کی پیش کش۔ گروپ ڈسکشن۔ روایتی آلات کا استعمال۔ ایسے تصویری بیانیہ کی پیش کش جو براہ راست موضوع سے متعلق ہوں۔

**طلبہ وطالبات کی تحصیل کا جائزہ:** سالانہ امتحانات کے توسط سے۔

## کلاس: بی۔اے۔سال سوم (پرچہ سوم)
## (ترجمہ اور بیان و بدیع [ہفتے میں تین روز])

**محتویاتِ کلاس:** یہ کلاس پورے اکیڈمک سال پر محتوی ہوگی۔ بنیادی طور پر اس میں علم بیان و بدیع کا مطالعہ کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ اس میں ترجمہ بھی شامل ہوگا۔ طلبہ و طالبات کے ذریعے پوچھے گئے سوالات کے تسلی بخش جوابات فراہم کرنے کی سعی کی جائے گی۔

**تفویض کردہ استاد:** ڈاکٹر امام الدین خان (اسسٹنٹ پروفیسر)

**مقاصد و تحصیل:** بلاغت سے واقفیت۔ اردو شعریات کی روایت سے آگاہی۔ شعری جمالیات کی تفہیم۔ ترجمہ کے ابجد سے آگاہی۔ منطقی اور استدلالی انداز نظر کی ترویج۔

**منہاجیات:** پی۔پی۔ٹی۔ کی پیش کش۔ گروپ ڈسکشن۔ روایتی آلات کا استعمال۔ ایسے تصویری بیانیہ کی پیش کش جو براہ راست موضوع سے متعلق ہوں۔

**طلبہ و طالبات کی تحصیل کا جائزہ:** سالانہ امتحانات کے توسط سے۔